نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کے جراثیمی جھلساؤ کے کنٹرول کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:12 ستمبر 2024 :ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق جراثیمی جھلساؤ کا حملہ پتے کی نوک اور کناروں سے شروع ہو کر لمبائی اور چوڑائی میں بڑھتا ہے۔اس کے حملہ کے دوران پتوں پر بیماری کی علامات سفید نمدار دھاری کی شکل میں ظاہر ہوتی ہیں اور بعد میں پتے کا بیمار حصہ سوکھ کر سفید ہو جاتا ہے اور پتہ اوپر کی طرف لپٹ جاتا ہے۔شروع میں اس کا حملہ ٹکڑیوں پر ہوتا ہے جو سازگار موسمی حالات میں بڑھ کر پوری فصل کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔اس بیماری میں فصل دور سے جھلسی ہوئی نظر آتی ہے۔اس بیماری کا حملہ نظر آتے ہی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کی سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے کریں۔بیماری والے کھیت سے پانی دوسرے کھیت میں منتقل نہ کریں۔پانی کی سطح ایک تا دو انچ سے زیادہ نہ ہونے دیں۔اس کے علاوہ دھان کے کیڑوں بالخصوص پتہ لپیٹ سنڈی کا بروقت موثر تدارک کریں۔دھان کی فصل پر سپرے سے قبل وقفہ قبل از برداشت (PHI) محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے نوٹ کر لیں اور تمام سپرے اس کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کریں۔

☆☆☆☆